سب گھر کے بچ گئے ❀ حکایت نقل ہے کہ ابراہیم خواص رحمۃ اللہ علیہ سے کہ ایک مرتبہ سفر میں تھا راہ بھول گیا ہو کے رستہ بھول گیا
ایک طرف سے مرغ کی آواز آئی پھر اوس طرف کو آبادی جانکر چلا ناگاہ ایک جن نے ایسا طمانچہ میرے منہ پر مارا کہ بدحواس
ہو کے گر پڑا اور شدت درد سے بیقرار ہو گیا تب گڑگڑا کے جناب باری میں دعا کی کہ الٰہی ناحق تیری امان میں
غریب مسافر کو مارا کہاونگی تو کہان جاونگی پس ناگاہ ایک شخص اوس جن کا سر کاٹ کر میرے آگے لایا اور غیب سے آواز
آئی کہ ای ابراہیم جب تک تو ہماری امان میں تھا تجھ بلی میں امان میں تھا جب ہمیں لسکے کی آواز پر چلا جن کا
طمانچہ کہایا جب پھر ہمکو پکارا اوس جن کا سر کاٹ کر تیرے آگے بھیجدیا ❀ حکایت نقل ہے کہ ایک مرتبہ کوئی بزرگ
چلے جاتے تھے پیچھے سے کسی امیر کی سواری آئی ملازم اور خادم چلاتے آتے تھے کہ ہٹو بچو امیر کو راہ دو وہ ضعیف تھا جلدی سے
دوڑ نہ سکا اور ایک طرف رستہ نہ پایا کسی ملازم نے ایسا کوڑا مارا کہ شدت درد سے میرے آنسو نکل پڑے یکایک
میرے منہ سے یہ دعا نکلی کہ الٰہی جیسا اسنے مجھے ناحق مارا ہے وہ ہاتھ کٹجاوے دوسرے دن اتفاقا اوس شخص کو ہاتھ کٹا دیکھا
کہ شدت درد سے روتا چلاتا تھا ❀ حکایت نقل ہے کہ ایک شخص بہت خوش شکل نہایت جمیل کچھ سودا سوداگر کے یہاں بیچتا تھا
ناگاہ ایک امیر کے لونڈی کو اوس پر سودا ہوا وہ فریفتہ ہو کر سودا لینے کے حیلہ سے اپنی ڈیوڑھی پر لیگئی اور امیر کی عورت

کواوسکی حال وجمال سے بخوبی اطلاع دے اوسنے کہا کہ اوسکو محل مین بلالی لونڈی نے پردہ کرکے بلالیا اچہی

عورت حسن وجمال اوسکا دیکہکر فریفتہ ہوگئی لونڈی سے کہا اے سوداگر سے کہو کہ سوداگری چہوڑدی اور شب و

روز ہمارے پاس حاضر رہے ہم بہت سلوک کرینگی بخوبی خوش وخرم رکہینگے لونڈی نے یہہ پیغام ادا کیا اوسنے

قبول نکیا بولی اگر بخوشی یہ بات کو قبول نکریگا تو جی جان سے جائیگا وہ جوان با ایمان یہہ ماجرا دیکہکر

حیران ہوگیا کہ الہی مین کس بلا مین مبتلا ہوگیا پہر جان سے ہاتہہ دہوکے لونڈی سی کہا دو رکعت نماز کی مہلت دو

لونڈی نی کہا بالاخانی پر جاکر چین جاپن سی وضو کرو نماز پڑہو پہر وہان تنہا جاکی وضو کرکے جناب باری

مین گریہ وزاری کی کہ الہی موت قبول ہے پہر یہہ دولت و معصیت قبول نہین زار زار روتا تہا اور جب

ارشاد جناب سے لا ناسوض کرتا ہے ای کریمی ای رحیمی سرمدی ٭ درگذرا ز بدسگالان بدی ٭ ہم ازانجا

سکون بھیج دادیم ٭ بی تردد کن ہم از کرم ٭ راہ بسرا سیمہ بستان کن لطیف ٭ منزل خود تو باسی آگہی سیر اوکی

پہر بسم اللہ کہکے اس بالاخانہ بلند وبالاسی کودا حضرت جبرئیل علیہ السلام بازو پکڑکے بکمال لطف آہستہ زمین

پر اوتار دیا

باب اٹہارہوان اولیا اللہ کی وفات اور کرامتین حکایت

نقل ہے کہ جب حضرت عمر رضی وفات فرمائی تو درو دیوار اور جنگل و پہاڑ اور شہر و دریا سے زار زار رونے

کے آواز آتی تہی وسوقت کے علمای دین اور صلحای اہل نقش نے کہا کہ یہہ آواز اسلام کی ہی کہ آپکے وقت مین بہت

آب و تاب سی تہا اور ہر جگہہ مثل آفتاب و ماہتاب سارا روشن تہا اور تمام عالم اسلام کی روشنی سی آفتاب سے زیادہ

روشن تہا چنانچہ شہرت خلافت حضرت عمر رضی کی شہرہ آفاق تہی اب اسلام اوسوقت کی نسبت بہت کم رونق ہے

اسواسطے واویلا کرتا ہی حکایت نقل ہے کہ حضرت ذوالنون مصری رح بہت کم کلام کرتے تہی ور دن رات دریای

محبت الہی مین ڈوبے رہتی دنیا دار نادان وانکو مجنون جانتی اتفاقا وقضا موسم گرما مین قضا فرمائی شدت تابش

آفتاب سی کوئی تاب لا سکتا تہا کہ جنازہ کے ساتہہ جاوی مگر چند کسان کامل الایمان ہمراہ ہوئے او جنازہ حضرت کا اولیا قدس

خدا سی جنازہ پر جانور پرون کا سایہ کئے جاتی تہی یہہ حال دیکہکر سب اہل شہر متحیر ہوکے جلد انکی جنازہ کی ساتہہ ہوگئے پہر

کئے مسجد کی دروازہ پر واسطی نماز کی جنازہ رکہا موذن نے اذان دی اونی انگشت نمای فی الکرامت کلمہ اشہد ان

لا الہ الا اللہ سر کفن سی ہاتہہ نکالکر انگشت شہادت بلند کی اور کلمہ شہادت پڑہ کی کلمہ شہادت کی شہادت کی

اور تصدیق قوم کی یہہ ماجرا دیکھکر سب حیران ہوگئے اور کفن کہولکر دیکھنے لگے کہ یہہ تو زندہ ہین کلمہ پڑہتے اور
اونگلی اوٹہائی ہین دیکھا تو مُردہ تہی اور اونگلی ویسے ہی کہڑی تہی پہر بکمال اعزاز و اکرام کفنا دفنا دیا دوسرے
دن اونکی قبر پر بخط جلی لکہا دیکہا اور وہ خط ہرگز کسی خط کی مشابہ نہ تہا کہ ذو النون حبیب اللہ ولی اللہ ہے کہ
ذوق شوق مین جان نثار کی **حکایت** نقل ہے امیر المومنین عمر بن عبد العزیز رحمہ کے جب وقت رحلت
قریب ہوا تو سب عزیز و اقربا و دوست آشنا کو الگ کر دیا اور دروازہ بند کرا دیا صبح کو اونکی بی بی آئین
دیکہین تو بجز بی کفنا ہوئی رو بقبلہ لیٹے ہین کمال متحیر ہوکر علماء وقت کو بلاکر یہہ ماجرا کہا انہون نے کہا کہ وہ
بہت بڑے متقی تہے اور اللہ کے نزدیک متقی پرہیزگار کی بہت بڑی عزت آبرو ہے جیسا کہ سورہ حجرات مین
ارشاد ہے اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ یعنے بیشک تم مین بڑا آبرو والا نزدیک اللہ کی وہ ہے جو زیادہ ڈر
رہتا ہے رحمت الٰہی نے فرشتون سی غسل دلاکے حلہ بہشتی سی کفنا دیا کچہہ اچنبے کی بات نہین ہے ہان اگر تمہارا جی
چاہے تو تم بہی پہر غسل دیدو کچہہ مضائقہ نہین ہے بلکہ افضل ہے چنانچہ ایسا ہی ہوا بعد اوسکی جماعت واسطے نماز کے
آراستہ ہوگئے اور امامت کو مسلمہ بن عبد الملک بن مروان کہڑا ہوا ایکایک کسی نے اوسکو زمین پر دے مارا بعد اوسکے
الیاس بن حبیب کو کہڑا کیا وہ بہی پہلی مین چوٹ کہا کر گر پڑے تب تو سب اہل جماعت یکایک چلا اٹہے
کہ افسوس امیر المومنین کا جنازہ کیا بدون نماز دفن ہوگا ناگاہ آواز تکبیر امام کی سنی سب نے پہر سب نے نماز پڑہی
مگر امام کو کسی نے نہ دیکہا کہ کون امام تہا اور یہہ آواز کسکی تہی اور ایک عالم بہی عالم حیرت تہا علماء نے کہا غالبا حضرت
خضر علیہ السلام تہے بعد تین دن کے ایک رقعہ اونکی قبر پر پایا مضمون اوسکا یہہ تہا کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یہہ اللہ حکیم کے واسطے نجات
عبد العزیز کے پہر اوسکو خلیفہ وقت کی پاس لیگئے اوسی متحیر ہوکر سب علماء و صلحا کو بلاکر پوچہا کہ یہہ کس چیز پر لکہا ہے
کسیکے خیال مین نہ آیا کہ کیا چیز ہے مگر انس بن مالک کہ اونہون نے جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ
کہا ریشمی اسفتالین ایک شخص اسعرنامی کے واسطے رقعہ نجات بہشتی درخت جنت پر لکہا جائیگا کہ عبد العزیز
ایمان ہے گیا **حکایت** نقل ہے کہ ملک شام مین ایک شخص جہاد مین شہید ہوگیا اوسکا باپ ہمیشہ اوسکی غم مین
بدحواس رہتا اور داس رہتا پہر فضل الٰہی نے اوسکو اس غم سے چہڑایا اور ہر شب جمعہ کو اوسکو خواب مین
دکہایا کہ بجز فی باہم ہمکلام ہوتے اور اس خوشی سے سالہائے خوش رہتا ایک مرتبہ جمعہ کو خواب مین نہ دیکہا بہت پریشان ہوا

رنج و غم دیکھا دوسری جمعہ کو بدستور نظر آیا پوچھا کہ اگلی جمعہ کو کہاں تہے بولا اویس و عمر بن عبد العزیز
نے وفات پائی تہی سب شہداء کو اونکی نماز جنازہ میں شریک ہونیکا حکم تہا میں بہی وہاں حاضر تہا حکایت
نقل ہے کہ ایک قافلہ جہاز میں سوار تہا اتفاقاً طوفان میں آکر جہاز تباہ ہو گیا اور کسی ٹاپو میں جا لگا قافلہ
وہاں جا اوترا انہیں سے ایک نوجوان بیابان جنگل کی طرف گیا اور جلد پلٹ آیا پہر سبکو جمع کر کے کہا کہ میرا وقت
اخیر ہے یہہ دونوں پوٹلی محفوظ رکہو ایک میں کفن دوسری میں خوشبو وغیرہ لوازم کفن ہیں بخوبی سب سامان
کفن دفن کا کرنا اور میرے بدن کے کپڑے اپنے ساتہہ لیجانا کوئی نوجوان تم سے کپڑے مانگے اوسکو دیدینا پہر جنگل کو
چلا اور سب اوسکے پیچھے چلے ایک مقام پر جاکر ایکایک رحلت کر گئے پہر سب ہمراہی بصد غم و الم اونکی کفن دفن میں
مشغول ہوئے اور دونوں پوٹلیں کہولیں ایک میں خوشبو تہی کہ کہولتے ہی جی جان کے دماغ کو معطر کر دیا دوسری
میں نہایت تکلف حلہ بہشتی عنبر بار کا کفن تہا الغرض سب لوازم بخوبی انجام پا گئے وہ سب سامان جنتی دیکہکر سبکو
یقین ہوا کہ یہہ شخص جنتی تہا پہر جہاز درست ہوا ہو کر کسی شہر کے پاس جا اوترا ناگاہ ایک جوان خوش پوشاک آیا بعد
سلام علیکم کے اوس امانت کو طلب کیا اسیوقت اہل قافلہ نے اوسکی حوالگی کی وہی فوراً دہ پہنے اور اپنی کپڑے
اہل قافلہ والوں کی حوالہ کر دئے کہ شہر میں بیچکر فقرا کو تقسیم کر دینا قافلہ والوں نے کہا کہ یہہ کچہہ احوال اوس جوان کا ذرا تم
بہشت مقام کا فرمائیے وہ کون کامل الایمان تہی کہا کہ وہ گروہ چالیس اولیاء اللہ سے تہے اب میں اونکی قائم مقام ہوں
حکایت نقل ہے کہ حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ فرماتی ہیں کہ ثابت بن [illegible] کہتی تہی کہ ایک مرتبہ بغداد میں
رات کو شہر میں ایک جنازہ کی گیا اتفاقاً جنازہ چلا گیا تہا میں متحیر ہو گیا کہ واللہ علم کہاں گیا ناگاہ ایک
طرف سے ایسی خوشبو آئی کہ دماغ جی جانکو معطر کر گئی اور وہی خوشبو دوسری مرتبہ ہوئی جیسا جناب مولانا فرماتی ہیں
بو قلاؤز است و رہبر مر ترا ٭ می برد تا خلد و کوثر مر ترا ٭ بینی آن باشد کہ او بوئی برد ٭ بوی او را
جانب کوئی برد ٭ [illegible] بو نباشد [illegible] ٭ بوی آن [illegible] بود ٭ دفع کن از مغز و از بینی زکام
تا کہ ریح اللہ در آید در مشام ٭ پہر میں اوسی طرف چلا گیا اور ایک قبرستان اولیاء اللہ میں پہنچا دیکہوں تو ایک قبر اوسکی
[illegible] کہلی ہوئی ہے اور اسمیں سے یہہ خوشبو آ رہی ہی حکایت نقل ہے کہ ایک جوان جنتی کسی شہر کی [illegible]
کہا کہ اوسکو غسل [illegible] بخوبی [illegible] کہ وہ [illegible] جوان اپنی ہمراہ لیگیا اور دروازہ پر بٹہاکے کہا

[illegible]

کہ تہوڑی عرصہ مین اندر آنا اور بلانیکا انتظار نکرنا پہر یہہ بزرگ وقت پر گئے دیکہین تو ایکطرف وہی جوان نہ
ایمان رو بقبلہ لیٹی ہین بعدہ معلوم ہوا کہ رحلت کر گئے یہہ بہت متحیر ہوے سمجہے کہ یہہ جوان صالح اولیای
کاملین سے تہے پہر اونکو تجہیز غسل دیا جب قصد کفنانیکا کیا اوسنی آنکہین کہولکر تبسم کیا مینی کہا سبحان اللہ
مردی بہی ہنستی مسکراتی ہین اگر زندہ ہو اوٹہہ کہڑی ہو ورنہ کیون ہنسی کرتے ہو پہر اس قسم کی مقال سے
حال ہی خوشحال ہی شعر باہر و بیرہ وحبیب اوٹہاتی ہین ٭ عاشق اسطرح جی سی جاتی ہین ٭ شعر عاشقان
جام فرح آنگہ کشند ٭ کہ بدست خویش خوبان شان کشند ٭ شعر کشتگان خنجر تسلیم را ٭ ہر زمان از غیب
جان دیگر است ٭ کہا ای شیخ اولیاء اللہ کہین مرتے نہین بلکہ ایک مکان سے دوسری مکان مین چلی جاتی ہین
جیسے جناب مولانا وصف انتقال اہل دین مین فرماتی ہین ع ہیچ نقلی از مکانی تا مکان ٭ پہر آنکہین
بند کرلین مجکو بہت غم ہوا بعد اوسکی کفنا دفنا دیا حکایت نقل ہے کہ جب ثابت بنانی رح کہ اولیاء
کرام سے تہے رحلت فرمائی تو حضرت حمید الطویل اور حضرت مع ابن صبیح اونکا جنازہ قبر مین وتارا ناگاہ
دونون صاحبون کی ہاتہ سی جنازہ غائب ہو گیا پہر سب متحیر ہو گئی اور ہر ایک پر سکتی کی حالت طاری تہی اور
کوئی کچہہ نہ کہہ سکتا تہا ایک دوسریکا منہ تکتا تہا گویا ہر ایک بزبان اشارہ یہہ اس مصرعہ کو گویا تہا ٭
ع سکتی کی سی حالت ہے کچہہ کہہ نہین سکتا ہون ٭ پہر مصلحت وقت جانکر قبر کو بدستور درست کردیا
ور کچہہ چرچا نکیا مگر حضرت حمید الطویل نے حضرت سلیمان بن علی رح کو رازدار جانکر یہہ راز کہا اونہون نے
بہی بہت تعجب کیا چنانچہ رات کو مع چند خادمون کے جاکر قبر کہولی تو خالی پائی پہر بدستور درست کردی اور ثابت
اور صبح کو ثابت بنانی رح کے گہر آئی اونکی لڑکی بلا اوسنی پوچہا کہ زندگی مین تمہاری باپ کیا کرتی تہی بولی کیا کہتی
اونکو قبر مین نہین پایا اور زیادہ متعجب ہوا اور کہا سبحان اللہ ع این جا نہ تمام آفتاب است ٭ کہا وہ دن
سے رات دن زار زار رو کر گڑگڑاتی تہی کہ خداوندا میرا جی یہی چاہتا ہے کہ ایک لحظہ تیری دولت حضوری
سے دور نہون ہر دم حاضر حضور ہون اور جبتک جیون تو ایسی ہی جیون اور مرون تو ایسی ہی مرون چنانچہ
حسب ارشاد جناب مولانا تازہ ذکر ہے شعر عمر و برگ این ہر دو با حق خوش بود ٭ بی خدا آب حیات آتش
بود ٭ ہر کجا تو بامنی من خوش دلم ٭ ور بود در قعر چاہی منزلم ٭ خوشتر از ہر دو جہان آنجا بود ٭ کہ مرا با تو

سرو سودا بود ٭ عمر خوش در قرب جان پرور دست ٭ عمر زاغ از بہر سرگین خوردن است ٭ پہر مخفی نہو جیسا احکام
ظہور ہوا پہر اس مرغان گویائی آب شور رہا پہر حضرت حسن بصری نے یہہ معاملہ دیکہکر فرمایا کہ فی الحقیقت ثابت
ہوا دولت پائی قرب جانی میں ہر دم حاضر حضور ہیں چنانچہ میں اونکو خواب میں نماز پڑہتے دیکہا حکایت
نقل ہے کہ ایک اولیا اللہ نے رحلت فرمائی بخوبی غسل دیکر نماز اونکی جنازہ کی پڑہی جب قبر میں رکہا دیکہا تو تمام
قبر پہولوں پہول رہی ہے اور خوشبو سی مہکتی ہے ہر ایک متحیر ہوکر ایک ایک ڈالی وہاں سے لا کے اپنی اپنے
گہر لگائی قدرت خدا سے قریب تین مہینے کہ وہ ڈالیاں بخوبی تر و تازہ رہیں پہر تمام شہر میں شہرہ ہوا اور ایک
عالم اس قدرتی تماشے کا تماشائی ہوا حاکم وقت نے اس ماجرے سے مطلع ہوکر بخیال فتنہ و فساد کے سب جگہہ سے
وہ ڈالیاں طلب کیں قدرت الٰہی سے سب جگہہ سے گم ہو گئیں حکایت نقل ہے ایک پارسا عبادان کے
رہنے والے سے کہ ایک بار ایام شدت گرمی میں ایک نوجوان کامل الایمان نے رحلت کی شدت گرمی سے سب
سامان کفن دفن کا اوس وقت بخوبی نہوسکا ٹہنڈے وقت پر موقوف کہا اتفاقاً میری آنکہ لگ گئی کیا دیکہتا
ہوں کہ جنگل میں ایک مکان پر خیمہ جواہر کا چمکتا ہے اور بہت سی حوریں بکمال خوبی و آراستگی رستہ و جمیں جلوہ
آرا ہیں اور خیمہ سے سر نکالکر کہتی ہیں کہ اے فلانے اس جوان صاحب ایمان کے کفن دفن میں مقدور کیوں دیر کرتے ہو ہم
سب جس جان سے اسکی منتظر ہیں جلد جاکر وسکو کفنا دفنا دو پہر آنکہ کہلگئی جلدی سے وہیں جاکر بخوبی کفنا کر جہاں
خیمہ دیکہا تہا وہیں دفنا دیا حکایت نقل ہے داؤد طائی رحمۃ اللہ علیہ کو کچہہ میراث حلال بقدر حصہ ترکہ پائی تہی
اسمیں سے سال بہر تک ایک دینار اپنی ضروریات میں صرف کرتے اتفاقاً سب خرچ ہو گئی صرف ایک دینار باقی
رہا حجام کو بلاکر حجامت بنوانا اور خود ذکر اللہ میں مشغول ہونا شروع کیا حجام نے کہا اول جناب حجامت
سے فارغ ہو لیجئے پہر بخوبی ذکر اللہ میں مشغول ہوجئے مبادا کہیں استرا لگجاوے فرمایا سبحان اللہ سب دم ہماری
غفلت میں گذری ہے یہ دم بہی ضائع جاتی ہیں اس حال میں یاد الٰہی سے کیونکر خاموش ہوں بس بعد
فراغ ہونے سے بعد ازاں حجامت کے وہ دینار حجام کے حوالے کیا اور نماز پڑہنا شروع کیا اور سجدہ میں جان
بجانان تسلیم کی

باب ۱۹ انیسواں خواب میں نظر آنی اہل اللہ کی حکایت

نقل ہے کہ ایک مرتبہ حضرت عمر بن عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ نے خواب میں بدولت زیارت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

حاصل ہے دیکھا کہ حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمرؓ دائیں بائیں آنحضرتؐ کی جیسی تارے گرد چاند کے
چمکتے ہیں مودب بیٹھے ہیں میں نے بھی سلام علیکم کر کے مودب بیٹھ گیا تھوڑی عرصہ میں حضرت علی کرم اللہ
وجہہ اور امیر معاویہؓ کو یاد فرمایا وہ حاضر ہوئے پھر جلد رخصت ہو گئے حضرت امیر کرم اللہ وجہہ فرماتے جاتے تھے
کہ الحمد للہ ہم پاک صاف تھے اور امیر معاویہ کہتے آتے تھے کہ الحمد للہ ہم بھی پاک صاف ہوئے **حکایت** نقل
ہے کہ ایک ولی اللہ کو خواب میں دولت زیارت آنحضرتؐ نصیب ہوئی کہ آنحضرتؐ ایک مقام پر جلوہ فرما ہیں
اور دائیں بائیں اوس مہتاب رسالتمآب کے دو ستارے چمکتے ہیں اور تھوڑی دیر کے بعد ایک شخص اور
نورانی چہرہ آئے آپ نے اپنے پاس بٹھا لیا اور بہت پیار کیا اتفاقاً میمون بن مہران صحابی بھی وہاں
حاضر تھے میں نے ان سے پوچھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے گرد بیٹھے ہیں وہ کون ہیں کہا دائیں طرف حضرت
صدیق اکبر اور بائیں طرف حضرت عمر خطابؓ ہیں اور آپ کے آگے حضرت عمر بن عبد العزیزؓ ہیں
حکایت نقل ہے کہ کسی بزرگ نے حضرت ابراہیم ادہمؓ کو خواب میں دیکھا کہا کیا معاملہ پیش آیا اور
حاکم حقیقی نے کہا اسکے فضل و کرم بے حد و شمار کا کس جان و زبان سے شمار کروں کہ شمار سے مجھ کو باب الشمس میں مقام
عطا ہوا میں نے کہا باب الشمس کس مقام کا نام ہے بولے وہ ایک بالا مکان عظیم الشان مثل بیوت عرش معلی
ہے اور وہ درجہ سوا اولیاء اللہ عالی درجہ کے کسی کو نصیب نہیں ہوتا اور بہت بڑی دولت ہاں دو سلیمانی
پروردگار ہے کہ اپنی فضل و کرم سے ہر روز ستر بار روزی کرتا ہے **حکایت** نقل ہے کہ ایک بار کسی نے
خواب دیکھا کہ جنت بکمال حسن و جمال آراستہ و پیراستہ ہے اور ایک عالیشان مکان درخت نوری میں معلق ہے
اور ایک کرسی مکلف یاقوت سرخ کی نہایت تکلف سے اوس کے پاس بچھی ہے اور اوس پر ایک جوان کامل الایمان
لباس پوشاک سے آراستہ جلوہ فرما ہے اور اوس کو خلیل اللہ کہا جاتا ہے اور ہزار فرشتے مژدہ سناتے خوشخبری
دیتے مانند ہالہ کے گرد اوس ماہ پارہ کے ہیں میں نے متحیر ہو کر کہا یہ کیا شخص ہے اور یہ چاند سا چہرہ آفتاب
سا چمکتا کون ہے کہا یہ جوان مالک بن دینارؓ ہیں کہ دنیا میں بھی مالک حقیقی کی تابعداری میں ہمیشہ جان
نثاری کرتے رہے اور گرد اونکی بارہ ہزار فرشتے خوشی کرتے خوشخبری سناتے ہیں اور فرماتے یہ آیہ کریمہ سورہ
ق کا لَهُمْ مَا يَشَاؤُنَ فِيهَا وَلَدَيْنَا مَزِيدٌ ادا کرتے ہیں یعنی تم نے ساری عمر ساری کی خواہش ہماری خواہش پر

سے آگے خاک کر دی اور سب ساز و سامان دنیا جہان میں آگ لگا دی اوسکی بدلی ہمنی تمکو یہہ دولت عطا
کی خوب کہاؤ اور پہنو اوڑہو اور جو جی چاہی سو اور جا ہو اور مانگو اور ہم اپنی طرف سی وہ نعمت عطا کرینگے
جو کبھی تمہاری وہم و خیال میں نہیں گذری پھر اور طرف جا کر دیکھا تو عجب تماشا قدرت خدا کا دیکھا کہ ایک
شخص ہی بڑا عالیشان نہایت معظم و مکرم محبت خدا میں بیخود ہی اور ذوق شوق دیدار پروردگار میں دریا سی
اوس کے ہیں اور ٹکٹکی باندہی ہزار ہزار میں ہیں حیرت میں آکر پوچھا یہہ کون ہیں کہا کہ یہہ معروف کرخی
ہیں کہ وقت بیدار ہوشیار نہیں ہی ہیں اور انتظار میں مدہوش رہتی ہیں حکایت نقل ہے کہ کسی بزرگ
نے حضرت یحیی بن اکثم کو خواب میں دیکھا پوچھا کہ جناب باری میں تمہارا کیا معاملہ ہوا کہا اوسکی عنایت
اور غایت شفقت کو جی چاہی کہ زبان سے ادا کروں کہ جیسا ہے ارشاد ہوا کہ ای یحیی دنیا میں کیا کیا اور
ہمارے واسطے کیا لایا میں نے عرض کیا کہ ای میرے مالک میں حسب الحکم مخبر صادق کے الدنیا سجن المومن وجنۃ
الکافر قید خانہ دنیا سی موافق ارشاد تیرے کے فاذا جاء اجلہم لا یستاخرون ساعۃ ولا یستقدمون بہزار
خواری و زاری چھوٹ کر سرکار رب العالمین آیا ہوں وہ قیدی جب قید خانہ سی چھوٹتا ہی تو صدر سوال
ہو جاتا ہے وہ مستحق لینی کچھ ہی لایق دینی کی چنانچہ ہر ایک اوسکی حال پر رحم کرتا ہے اور حسب لیاقت اپنی اوسکی
ساتہہ عنایت کرتا ہے چنانچہ اب میں قید دنیا سی بہزار خواری و زاری چھوٹ کر آپکی در دولت پر بڑی آس
کر کے آیا ہوں دیکہوں در رحمت سے کیا عنایت ہوتا ہے کہ بہت شہرت بندہ نوازی اور کارسازی کی سنی
اور دیکہی ہے کہ تو نے بیحد و شمار گنہگار آفت گناہ سی چھڑائی ہیں اور عالی درجہ کو پہنچائی تیری لطف و کرم
سے کیا عجب ہے کہ اس غلام کو بھی اپنی مراد کو پہنچا دی اور آفات قبر اور حشر سی بچا دی فرمایا ای یحیی تو نے سچ
کہا کہ مجھ سی زیادہ میرے بندی کی حق میں کون شفیق اور مہربان ہے جا خوش ہو اور خوشی کر ہو کہ تجھکو بھی
جنت عطا کی اور تیری مغفرت فرمائی حکایت نقل ہے بشار بن غالب سے کہ بعد وفات رابعہ بصری کے
میں ہمیشہ اوسکی واسطے دعا و درود کا ثواب بخشا کرتا تھا ایک رات رابعہ کو خواب میں دیکھا بولی ای بشار خدا تجھکو
نجات کی بشارت دے اور خوش رکھے میں تجھ سے بہت خوش ہوں کہ تو ہمیشہ مجھکو دعا و درود وغیرہ کا ثواب
پہنچاتا ہے اور خوش کرتا ہے پس جو کوئی مردوں کو ثواب کسی چیز کا بخشتا ہے اول اللہ تعالی اوسکو قبول فرماکر

فرشتونکو فرماتا ہے کہ بطور تحفہ کی نوری خوان میں نوری کپڑی سی ڈہانک کر اوس مردہ کی قبر پر کمال
اعزاز سی پہنچا وپس فورا فرشتی پہنچاتی ہیں اور کہتی ہیں کہ ای فلانی بیٹے فلانیکی تحفہ تجکو فلانی نے
بہیجا ہے پہر وہ مردہ بہت خوش ہوکر کمال خوشی سی اوسکو لیتا ہی اور اوسکی سبب سے مردے گنہگار عذاب سے نجات
پاتے ہیں اور نیکوکاروں کے درجے بلند ہوجاتے ہیں پس میں بہت مسرور ہوا اور روز معمولی جاری کیا حکایت ۵۵
نقل ہے ایک بار رسامی کا ایکمرتبہ کشتی میں سوار تہا قدرت خدا کشتی بیچ میں ڈوب گئی فضل الہی سی سب بچ گئے
مگر ایک نوجوان یار میرا ڈوب گیا اسکو اوسکا بہت غم والم ہوا ناگاہ میںنے اوسکو خواب میں دیکہا پوچہا کہ کیا حال
گذرا بولا شفقت جناب باری کس طرح جانتے بیان کرون کہ ڈوبتے ہی مجہی دریای رحمت میں ڈبو دیا اور مقام
عالی مقام شمس پر پہنچا دیا میںنے کہا شمس کس مقام کا نام ہی بولا وہ ایک بڑا مکان عالیشان ہے کہ سوای شہیدان
دریا میں ڈوبے ہووںکی وہ کسی اور کو نہین ملتا حکایت ۵۶ نقل ہے موسی بن عیسی سی کہ ایک مرتبہ خراسان
میں تہیر یا میں ایک شخص بزرگ آئے اور کہا کہ تم شداد موذن کو بہی جانتے ہو میںنی کہا تمہاری اونسی کیا غرض ہے
بولی کہ ان دنا میں خواب میں جنت دیکہی ناگاہ وہاں آذان کی آواز سنی میںنی حیرت میں آکر پوچہا کہ یہ آذانکی
آواز کہانسی آتی کہا کہ یہ آواز دلنواز شداد موذن کی ہی کہ جب دنیا میں آذان دیتا ہی جنت میں اوسکی
آذانکی آواز آتی ہی حکایت ۵۷ نقل ہے حضرت ابراہیم ادہم سی کہ ایک مرتبہ بشر حافی کو خواب میں دیکہا
کہ ایک آستین میں کچہہ بہرا ہے میںنی کہا کہ دربار جناب باری میں کیا معاملہ گذرا اور آستین میں کیا بہرا ہے کہا جو کچہہ
اوس خداوند لم یزل نے مجہپر انعام و اکرام فرمایا کیونکر بیان کرون کہ بیحد و بیشمار ہیں اور آستین میں جو زر و جواہر
ہے کہ جو بعد انتقال احمد بن حنبل رح کی روح پر نثار ہوئی ہین میںنی کہا کہ حضرت احمد بن عبد اللہ اور حضرت یحیی بازہو
کا حال کہو کس حال میں ہیں کہا ابہی اونسی ملاقات ہوئی تہی فضل الہی سے عرش معلی کی نیچی مقام پایا ہے سبحان اللہ
کیا اونچا پایہ پایا ہے کہ ہر ساعت و ہر لحظہ دیدار جناب باری سے بہت بشاش و بشاش ہین اور نہایت خوش و خرم ہین
اور یہ مضمون ارشاد حضرت حافظ کے تازہ دم ہین سے گشتہ ام در جہان آخر کار رہ دلبری برگزیدہ ام کہ مپرس
ہیچو حافظ غریب از رہ عشق بمقامی رسیدہ ام کہ مپرس سے خاطرم وقتی ہوس کردی کہ بینم چیزہا تا ترا دیدم
نگردم جز بدیدارت ہوس حکایت ۵۸ نقل ہے کہ ملک شام میں ایک شخص جہاد میں شہید ہوگیا تہا بعد مدت کے

حلی المرافقی رہی کہا کہ مقام افسوس ہے کہ میں ایک اپنی دوست کی قبر پر فاتحہ کو بھی نہیں گیا پھر اوسیوقت گیا
اور فاتحہ پڑہکر جنگل کی فضا اور ہوا اچھی معلوم ہوئی تو ذرا آنکھ لگ گئی اتفاقًا اوس دوست کو خواب میں دیکھا کہ
عذاب میں گرفتار ہی اور چار و نطرف سے آگ و سیر مار رہا ہی میں بہت متحیر ہو کر پوچھا کہ تیرا کیا حال ہے بولا کیا
کہوں وزندگی سی ایسی ہے وبال میں مبتلا ہوں گر فضل جناب باری کا ہر دم امید وار ہوں میں مجھکو اوسکا یہہ
حال دیکھکر کمال عبرت ہوئی اور نہایت وحشت جی پر چہا گئی کہ جب اُن کی راہ میں جان دینے والونکا یہہ حال ہی تو ہم
اعلم میں کیا حال ہوگا پھر آنکھ کہل گئی تو آپکو بہت لے دامن رہ جواس پایا آخر کار گرتا پڑتا بہزار خرابی گھر تک آیا
تیسرے دن پھر اوسکو خواب میں دیکھا از بس خوش و خرم پایا کہ سر حلۂ بہشتی و تاج نوری سی بجمال زرق برق
آراستہ تہی متعجب ہوکر پوچھا کہ یہہ کیا معاملہ ہی پہلے تجکو سخت عذاب میں مبتلا دیکھا اور اب بکمال آرام پایا تب
پایا بولا کل ایک قافلہ اسی رہ سے بصرہ کو جاتا تہا اونمین سے کوئی الحمد کو اور قل پڑہکر اہل قبور کو بخشتا تہا پہر ایک ایک
نے اپنی اپنی حصہ کا ثواب پایا مجکو اوسنی اپنی فضل و کرم سے اوسکی بدلی یہہ رتبہ عنایت فرمایا اور سب عذاب قبر و حشر
سے بچایا

باب بیسوان حکایات متفرقات میں

حکایت روایت ہے حضرت عقیل برادر
حقیقی حضرت علی رضی سے کہ ایک مرتبہ سفر میں ہمراہ رکاب فاضت انتساب جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کے
مشرف تہا مین معجزے عجیب و غریب دیکھے اول یہہ کہ ایک مرتبہ جنگل میں آپکو حاجت رفع حاجت کی ہوئی
اور وہ دشت کف دست چٹیل میدان تہا کہیں درخت و دیوار کا نام و نشان نہ تہا ناگاہ دو درخت ایک
پہاڑ پر نظر آئے حضرت نے مجکو ارشاد فرمایا کہ جلد جاکے اُن دونون درختوں کو ساتھ لیے آ میں جب گیا
ہی وہ دونون درخت سبز بخت فورًا حاضر حضور ہوا پایا اور اوس مدار الصمد کو رکہہ ہوئی آنحضرت نے اونکی
آڑ میں رفع حاجت فرمائی پہر وہ دونون درخت حسب الحکم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اپنی مقام
چلے گئے دوسری یہہ کہ آگے چلکر ایک مقام پر جناب سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم رونق افروز ہوئے دیکھا تو
بڑا مجمع ہے اور ایک اونٹ بلبلاتا چلا آتا ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھکر زار زار روکر عرض کرنے لگا
کہ یا رسول اللہ مجکو انکی رسی چھڑا دے اور انکو آخرت کی مار سے بچائیے کہ مجکو ناحق مارتے ہیں اور خود فرمانبردار
جناب باری سے چھڑاتی ہیں آنحضرت نے او ستو ہمسے فرمایا کہ کیوں اچھی تنخ زبان کو مارتی ہو اور قیامت کے دن اپنی

کہا ... کرتے ہوئے عرض کیا کہ یا رسول اللہ چند روز سے یہہ اونٹ باولا ہو گیا ہے کہ ہر ایک کو کاٹتا لاتین مارتا
ہے مجبور ہے اسکا ذبح کرنا مناسب جانا مبادا کوئی شخص ناحق ایذا پاوی تب حضرت اونٹ کی طرف متوجہ ہو
کر تو کیون دیوانہ ہوا ہے کہ سبکو کاٹتا لاتین مارتا ہے جب اوسنی صاف صاف عرض کیا کہ یا رسول اللہ چند روز سے
اسقوم نے نماز عشا کی بالکل چھوڑ دی ہے اور کہا ہے کہ خواب غفلت مین ایسی سوتے ہین کہ پھر کروٹ نہین لیتی ہو
اسی سے کانپتا تھراتا ہون کہ مبادا انکی وبال مین کہین مین بہی گرفتار ہو جاؤن کہ غضب الہی سے منہ پھیرنا
گویا قہر الہی اپنے سر لیتا ہی اسی حالت بیقراری مین کبہی اپنا منہ ... ہوتا ہون سید ہرگز نہین
چھوڑتی اور جانتی ہین کہ یہہ اونٹ دیوانہ ہو گیا جو رسی توڑ کر کاٹتا لاتین مارتا ہے آپ اسقوم کو عذاب آخرت سے
ڈراتے اور نصیحت فرماتے کہ اول نماز عشا سے ہرگز نہ سوئین پھر جو مین کچھ حرکت کرون تو خون اوار ...
پھر سزا کا سزاوار ہون تب حضرت نے اسقوم کو نہایت تنبیہ تاکید فرمائی اور سبنے توبہ کی اور پھر نماز
عشا ترک نکی ... پیغمبر نے یہہ کہ جب ... ایک جنگل مین مجھکو پیاس نہایت بیقراری ... پانی
تہا حضرت نے ارشاد کیا کہ اس پہاڑ تک پاس جا کر کہو کہ نبی آخر الزمان نے مجھکو پانی ... چنانچہ مین
گیا اور پیام ادا کیا پہاڑ کمال تعظیم سے پیش آیا اور ... ندامت مین ڈوب گیا اور کہنے لگا کہ میرا سلام ...
عرض کرنا کہ یا حضرت جس روز سے یہہ آیت کریمہ اوتری ہے کہ فاتقوا النار التی وقودہا الناس والحجارۃ سنی ہے
خوف عذاب دوزخ سے ہوش و حواس باختہ ہوا اور رات دن زار زار روتا رہتا ہون کہ ایندہن دوزخ
دوزخ کے عذاب سے بچانا اس سبب سے مجھ مین ایک قطرہ پانی کا نام و نشان نہین چنانچہ درخت پہاڑ سے
... اور ... نہین واحد حکایت نقل ہے عبد اللہ بن ... طرطوسی سے ... محمد بن احمد
عابد کرامت ... فرمائی تہی کہ ایکبار ... بعد نماز عصر بیت المقدس مین باب سلیمان پر
بیٹھا تہا کہ ناگاہ دو شخص ... صورت آدمی کی ... میرے پاس آئی اور دو
ذرا دور بیٹھی مجھکو ... معلوم ہوا کہ ... پوچھا کہ آپ کون ہین کہا مین خضر ہون اور وہ الیاس
مین پھر مجھکو کہا کہ تم کچھ خطرہ نکرو ... ایک ... بتا دین اسپر عمل کروگی تو بہت فائدہ اوٹھاوگی یعنی جمعہ
کے دن بعد نماز عصر ... بیٹھ کر ... یا اللہ یا رحمن یا رحیم پڑہنا ... مراد دل

پورے کریگا تب تو مین بہت خوش ہوا اور جھجک ڈر سب جاتا رہا پھر مینے پوچھا کہ اولیاء اللہ کا حال تو آپکو خوب
مفصل معلوم ہوگا کہا کہ ہان حقیقت حال یہہ ہے کہ جب آفتاب جمال آنحضرت باوجود سراپا سوز جناب رسالت مآب ص
اس دار دنیا سے غروب ہوا اور تمام جہان بچشم جہانیان تنگ و تاریک ہوگیا زمین نے بکمال نالہ و زاری
جناب باری مین عرض کیا کہ خداوندا تو نے اپنے حبیب جان جہان کو اوٹھا لیا گویا جی جانکو نکال لیا اور مجھکو طوفان
غم والم مین ڈبا دیا اور اونکی رونق سے مجھکو بے رونق کر دیا اب قیامت تک کوئی نبی نہو گا کہ جسکے سہارے
سے اپنے دل شکستہ کی تسکین کرون اور اس مجلے جی کو سمجھاؤن حاکم حقیقی نے فرمایا کہ اے زمین نہ گھبرا اور واویلا
نہ مچا کہ تجھکو روشنی اولیاء امت محمدیہ سے آفتاب سا چمکا دونگا اور آسمان سے زیادہ رونق بخشدونگا اونکی
دل انبیا روشن لوگون سے روشن ہونگے اور سب کارخانہ تیری اونکی واسطے سے ستور جاری رہینگے چنانچہ جناب باری
نے وعدہ پورا کیا کہ ہر زمانہ مین سو اولیاء اللہ کے واسطے سے یہہ سب کارخانہ اور آخرت کی جاری فرمائے اور اونکا اہل خدمت
مقرر کیا اور وہ اولیاء اللہ کہلاتے ہین اور بہتر اور ہین وہ نجبا اور ابدال کہلاتے ہین اور چالیس اور ہین
وہ اوتاد کرکے مشہور ہین اور دس بلقب اللہ کا لقب ہین اور سات سے عرفا نامزد ہین اور تین مختار کہلاتے
ہین اور سب کے سردار ہین وہ غوث کہلاتے ہین پس جب وقت وفات نوبت کا آتا ہی تو اونکی مقام ایک
صاحب اون تین مین سے قایم ہوتی ہین اور ایک صاحب سات مین سے بجای اونکی اور دس مین سے ایک صاحب مقام
اونکی اور چالیس مین سے ایک صاحب بعوض اونکی مقرر و قایم ہوتی ہین اور سب طور پر یہہ سلسلہ درجہ بدرجہ تا قیامت
جاری رہیگا اور بعضے اونمین مثل غوث روشن دل ہین بحکم محکم فخر بنی آدم علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل ہم
پہلون انبیاء علیہ السلام اولی العزم کے ہین اور حقیقت مین سب انبیاء ایک ہی [illegible] ہین مگر بلحاظ بعضے احکام
مین تنہا و حسب ہوتا ہی تا فی الجملہ ہر ایک کے دین و مذہب مین فرق پیدا ہوتا ہے اور [illegible] ہی گئی آنکی وجہ موجب ہویدا
ہو جاوی اور ان مراتب کو رہ اولیاء اللہ کے اصلا ایک دوسرے کو ایک دوسرے کی حقیقت سے کما حقہ آگاہ نہین ہے ورنہ
جو اعلی درجہ والا ہی اوسنے درجہ والیکے درجہ و مرتبہ سے مطلع ہو تو کہتے کہ یہہ فرقہ ہماری خدا کی خدائی سی آگاہ و خبردار
نہین قابل سزا ہی علی ہذا القیاس ہر فرقہ کو اسی قیاس سے قیاس کر لینا چاہیئے یہہ بات سنکر مجھکو بہت اچنبا ہوا فرمایا کہ سورہ
کہف مین [illegible] اور موسی کا قصہ تونے نہین پڑہا جو اسقدر تعجب کرتا ہے پھر مینے کہا کہ مقام قیام آپکا کہان ہے فرمایا کہ

[illegible]

مقرر نہین ہر دم اپنی اپنی خدمت مقررہ مین ہمہ دم اور سرگرم رہتے ہین مجکو جنگل کے خدمت ہی کہ بہولے ہوے
کو راہ بتاتا ہون اور آفت زدہ کو نجات دیتا ہون اور عورت کو جننے کے وقت درد سے چہڑاتا ہون اور الیاس کو دریا
کے خدمت ہے کشتی آدمی جانور ڈوبتے کو بچاتے ہین مین نے کہا مجکو پہر بہی دونون صاحبونکی زیارت نصیب ہوگی کہا
کہ ہان وقت حج اور رحلت اولیا اللہ مین کہ ہم دونون شامل ہوتے ہین اور ایک کاغذ جیب سے نکالا کہ تمام اولیا اللہ
کا نام لکہا تہا پہر دونون صاحب چلے مین نے کہا مین بہی چلون بولے تم ہمارے ساتہہ چل نہ سکوگے پہر حضرت خضر نے
فرمایا کہ مین صبح کی نماز مکہ معظمہ مین رکن شامی پر ادا کرکے بعد نماز اشراق پہر اپنی خدمت پہ جاتا ہون پہر نماز ظہر
مدینہ منورہ مین گذارتا ہون اور روضہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود دعا پڑہ کے پہر خدمت مقررہ
پر جاتا ہون اور نماز عصر بیت المقدس مین پڑہتا ہون بعدہ خدمت معمولی پر سرگرم ہوتا ہون اور نماز مغرب
طور سینا پر ہمراہ اولیا اللہ کے ادا کرتا ہون پہر اپنی خدمت پر مستعد ہوتا ہون اور نماز عشا سد یاجوج ماجوج پر پڑہتا
ہون پہر صبح کی نماز مکہ معظمہ مین جاکے پڑہتا ہون اسیطرح تا قیام قیامت حکم حاکم حقیقی مین سرگرم رہونگا

حکایت نقل ہے کہ ایک مرتبہ کوئی شخص اپنے لڑکے کو حضرت عمر کی خدمت مین لایا اور عرض کیا کہ یا امیر المومنین
اسکو نصیحت فرمایے کہ ہرگز میری تابعداری نہین کرتا بلکہ ہر بات مین مخالفت کرتا ہی آپ نے لڑکے کو جہڑک کے
ارشاد کیا کہ باپ کی تابعداری مین کیون عذر اور نافرمانی کرتا ہی اس نے عرض کیا کہ یا حضرت سب حقوق باپ کے
بیٹے کی بابت ہین جن باپ پر ہین اول یہہ کہ اوسکی ماں لونڈی باندی نہو تاکہ اوسکو اپنے ہم چشمون مین ذلت نہو دوسرے
یہہ کہ علم دین تعلیم کرے تیسرے نام اچہا رکہے عرض کیا کہ یا حضرت ان تینون باتون مین سے میرے باپ نے ایک بہی
ادا نہین کی موجود ہین دریافت فرمایے کہ میری ماں دو درہم کو خریدی ہے اور علم دین سے ایک حرف بہی مجکو تعلیم
نہین کیا اور نام میرا جعل کہا ہے تب تو حضرت امیر المومنین اوس شخص پر بہت ناخوش ہوے اور فرمایا یہہ نالش جا
ارادل یا دلی تیری طرف سے ہوئی پہر اوس لڑکے کی طرف فیصلہ کیا سیف نقل ہے ابو الحسن کاتب حرمی کہ کتاب
مناقب مین لکہا ہی کہ ایک شخص جہاز پر سوار تہا ناگاہ قدرت خدا سے ایسی ہوا چلی کہ دریا مین طوفان آگیا اور جہاز
ٹکڑے ٹکڑے ہوکے تباہ ہوگیا سب آدمی ڈوب گئے مگر یہہ شخص فضل الہی سے بچ گیا اور ایک تختی پر بہہ گیا زندگی کی
ناامید ہوچکا تہا کہ اتفاقاً قدرت خدا سے وہ تختہ بہتا بہتا کسی ٹاپو مین جا لگا یہہ جہٹ اوتر گیا اور شکر خدا تعالی کا

بجان بجالایا آگے جاکے دیکھی تو ایک مکان مین کوئی آدمی بیٹھا ہے اس سے سلام علیک ہوئی اوسنے کہا
تو کون ہے کہانسے آیا مینے سب گذشتہ اپنے بیان کی بولا کس امت سے ہے کہا کہ امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے
ہون پھر مینے پوچھا تم کون ہو کہا مین امت موسی علیہ السلام سے ہون اور ہم دو بھائی تھے رات دن عبادت
الہی مین مشغول رہتے تھے اتفاقاً قضا الہی سے وہ قضا کر گیا مین تنہا رہ گیا تیرا جی چاہے تو تجکو بھی
یہان رہو کہ ہم تم باقی عمر عبادت الہی مین بسر کرین مینے کہا بہت بہتر ہے چنانچہ مدت تک مین وہان
رہا ایکمرتبہ تفریحاً جنگل مین پہرتا تہا ناگاہ ایک چشمہ نظر آیا اوسکے کنارے کنارے چلا گیا اتفاقاً ایک مقام
پر پہنچا کیا دیکھتا ہون کہ ایک شخص کنارے پر زنجیرون سے جکڑا ہوا ہوا مین معلق ہے اور شدت پیاس
سے واویلا کرتا ہے مجھے دیکھکے کہنے لگا کہ اے بندہ خدا پانی پلا جب مین اوسکے منہ کے پاس پانی لیگیا زنجیرین
اوپر کو کھنچ گئین تین مرتبہ یہی معاملہ گذرا پھر مینے یہ ماجرا دیکھکر کہا تو کون ہے بولا کہ مین قابیل ہون بھائی
ہابیل کو ناحق قتل کیا تہا اوسکے بدلے اس عذاب مین گرفتار ہون اور روز حشر تک گرفتار رہونگا اور جو کوئی
کسیکو ناحق قتل کریگا اوسکا عذاب میری بھی اعمالنامہ مین لکہا جاتا ہے پہر مین ڈر کر الٹا آیا اور یہہ
قصہ اوس عابد سے کہا بعد عرصہ دراز کے ناگاہ خیال گھرکا آگیا مجکو زار زار رونا آگیا اوس عابد نے کہا آج تیری
طبیعت کیون ویسی کیا اولاد کے خیال نے تجکو پریشان حال کیا مینے کہا کہ ہان بولا گھر تیرا کونسے شہر مین ہے
مینے کہا بصرہ مین پہر بادلونکو بلا کر پوچھا تمکو کہان تک جانیکا حکم ہے کہا فلانی شہر تک پہر دوسرے بادلونکو بلایا
اونسے بہی پوچھا اونہون نے کہا ہمکو بصرہ تک جانیکا حکم ہے پہر اونکو اشارہ کیا وہ مجکو ہوا سے اوڑا لیگئے اور لا
بصرہ مین میرے مکان کی چہت پر کہڑا کر گئے قصہ قتل حجاج کا نقل ہے جب حجاج بن یوسف ثقفی ملک پر تسلط پایا اور خدا
ابہی پکڑ کا ر آگیا اور ناحق خون کرنیکا مزا پایا تو درپے قتل حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ کے ہوا اور اونکو تلاش کرایا
کہین پتا نہ پایا ناگاہ ایک مخبر نے اطلاع دی اور پتا بتایا کہ فلانی پہاڑ پر نصرانی عابد کی عبادت خانے کے پاس مین
اوس ظالم نے چند سپاہی دوڑائے کہ جلد پکڑ لاؤ جب سپاہی پہونچے اوس عابد سے پوچہا اوسنے کہا وہ عبادت
کرتے ہین پہر سب سپاہی اونکے پاس جا کھڑے ہوئے جب نماز سے فارغ ہوئے کہا کہ حاکم وقت نے تمکو بلایا ہے فرمایا
ہمسے کیا کام ہے بولے واللہ اعلم ہمکو کیا معلوم ناگاہ شام ہوگئی نصرانی عابد نے باواز بلند کہا کہ تم سب میرے

پاس آجاؤ ورنہ رات کو شیر سب کو کھا جاوینگے پھر بیابان ہی جا بیٹھی جا بد کیطرف چلی اورجہ
آپ نہ گئی کہ خلاف ادب ہے مکان میں میرا گذر نہوگا بیابان ہی کہا مجکو ڈر ہے کہیں بھاگ کر بچا یا
کہیں شیر نہ کھا جاوے تو ہم امیر کو کیا جواب دینگے فرمایا یہہ سب خیال محال اپنے جی سے دور کرو پھر وہ شب عبادت خانہ
کے چھت پر چڑہ گئے اور وہ ایسی نگہبانی کرتی رہی جب بہت رات گئی سعید عبادت الٰہی میں مشغول ہوئے
اور شیر گرد اونکے حفاظت کرنے لگے جب عبادت سے فارغ ہوئے اور صبح ہوگئی آپنے فرمایا ای شیر اگر کچھہ کہنا ہے تو
کہہ ورنہ چلا جا کیونکہ عبادت میں ناحق خلل نہ ڈال پھر وہ شیر عاجزی کرتا دم ہلاتا چلا گیا آپنے نماز صبح کی ادا
کی یہہ سب حال دیکھکے وہ سب پیادے آگے اونکے قدموں پر گر پڑے اور بہت معذرت کرنے لگے کہ وائے ہماری ایسا امام
جو ایسی کمال الاسلام کو ناحق قتل کرانیکو لیے جاتے ہیں پھر سب نے کہا ہم سب آپکی مرضی کے تابع ہیں اگر آپ اس
بلا سے بچ جاویں اور ہم سب مارے جاویں بلا سے فرمایا تمہاری عنایت ہے مگر مجکو اپنی بدلے کسیکو ایذا دینی منظور نہیں
جان جانیکا کیا ذکر ہے اگر مقدر میں موت اسیکے ہاتھ سے لکہی ہے تو کچہہ عذر نہیں آخر ایک روز مرنا ہی ہوگا
کیونکر بھاگ سکتے ہیں پھر آپ انکی ساتھ گئے جب قریب شہر پہونچے فرمایا کہ مجکو وقت اپنا اخیر معلوم ہوتا ہے آج کی رات
مہلت دو تو کچہہ سامان سفر آخرت کر لوں اور اپنی خاوند حقیقی کی دل کہولکر بندگی ادا کروں شاید عذاب قبر سے اور
آفت قیامت سے نجات پاؤں پھر سب زار زار رونے لگے اور اپنے نفس پر ہزاروں نفرین کرتے اور کمال ایمانداری
حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ کی اونکو آفرین کہتے تھے پھر آپ غسل کرکے کپڑے بدلکے خوشبو لگا کے جی جان سے
تمام شب عبادت الٰہی میں مصروف رہے بعد صبح کے اوس مظلوم کو دشمن ظالم کے آگے لیگئے اور حجاج سے اوس ظالم سے
کہا کہ ہمنے ایسی عجیب و غریب کرامتیں دیکھیں کہ کبھی دیکھیں نہ سنیں تو بولا جاؤ تم اپنا کام کرو بہت مصاحبت کرو مگر
مگر وہ پھر سعید کو اپنی آگے بلایا اور سختی سے ایسی پیش آیا کہ بیچا ظالم اوس مظلوم سے عداوت قلبی رکہتا تہا باعث اسکے
یہہ تہی اور اونکی کمال دینداری اور حق آگہی سے پھر بیہودہ بکتا تہا اور بات ناصواب کے جواب باصواب سے دل کباب
کرتا تہا غرض اس ظالم ملعون نے چاہا کہ کوئی الزام رکھکے اونکو قتل کروں ورنہ بلا سبب قتل کرنے میں بہا والزام
ہوجاوے گا کہ یہہ صاحب اچہے تھے [illegible] راستہ پر تھے اور ایک ظالم اونکا معتقد ہیں تب وہ ملعون انہی ناتراش نے یہہ
مضمون تراشا اور اون سے آگا کہ ناحق اوس نامعقول نے معقول کرنیکا قصد کیا اور سوال فضول کرنی

[illegible] محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت مین کیا اعتقاد رکہتی ہو فرمایا وہ نبی برحق اور ہادی
مطلق ہین پہر پوچہا حضرت صدیق اکبرؓ کے حق مین کیا کہتے ہو کہا وہ یار غار اور خلیفہ اول ہین پہر حضرت عمرؓ
کو پوچہا کہا وہ ناصر دین و حامی اہل یقین ہین پہر حضرت عثمانؓ کو پوچہا کہا وہ پاک کرنیوالی گنہگارونکے
اور حامی دیندارونکی ہین پہر پوچہا حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے حق مین کیا کہتے ہو کہا وہ دروازہ علم اور حلم
اور داماد حضرت رسول خدا و بتول ہین پہر امیر معاویہؓ کو پوچہا کہا وہ صحابی اور کاتب وحی ہین تب حجاج حسب
مقولہ مقبولہ سعدیؒ کہ مصرع حسود یکہ یکہ جو خیانت ندیدہ بکار رش نیامد چو گندم طپیدہ یکبارگی شعلہ سا بہڑک
کر آتش غضب سے جلگیا کہا ای سعید تمکو خرابی ہو آپ نے کہا کہ ہان جو نافرمان جناب باری ہو بلاشک اوسکی
دارین مین خواری ہو بولا تمہین کسی قتل کرون فرمایا جسطرح اپنی خواری حشر مین منظور ہو بولا بخشش
چاہتے ہو فرمایا بخشش خاص خاص خدا ہی کے لیے ہے پہر حکم دیا کہ باہر لیجاکے قتل کرو آپ ہنسی بلایا اور کہا یہہ وقت رونیکا
ہے یا ہنسنے کا بولے کہ مجکو حیرت ہے کہ دہر تیرا ظلم حد سے گذرا اور دہر حلم خدا حد سی گذرا جو سزا تجہے ظالم نا
کے روز جزا ہو پہر تو غصہ کے آگ مین جلکر خاک ہوگیا اور اپنی آنکہی قتل کا حکم دیا وہ قبلہ عالم رو بقبلہ
اور یہہ آیہ کریمہ ساتوین پارہ سورہ انعام کی انی وجہت وجہی للذی فطر السموات والارض حنیفا وما انا
من المشرکین پڑہی تہی یہہ حال دیکہکے اور بہی آگ ہوگیا بولا قبلہ رو نہ لٹاو تب آپ نے یہہ آیہ کریمہ پارہ
الم سورہ بقرہ کے وبعد المشرق والمغرب فاینما تولوا فثم وجہ اللہ پڑہی پہر اوسی ونٹہ بخت نے کہا کہ اوندہا
لٹاو تب آپ نے یہہ آیہ کریمہ سولہوین پارہ طہ کی کہ منہا خلقناکم وفیہا نعیدکم ومنہا نخرجکم تارۃ اخری آپکے
زبان پر تہی اور تلوار گردن پر پہر شہید ہوگئے حکایت نقل ہے کہ ایکمرتبہ کسی بادشاہ کافر اپنا وکیل بغداد
مین بہیجا اور تین باتین اوسکو تعلیم کردین کہ جو کوئی اسکا جواب دے اپنی دین پر رہے ورنہ ہمارا دین قبول
کری اول یہہ کہ خدا کیا کرتا ہی دوسرا یہہ کہ کیا کہاتا پیتا ہے تیسرے یہہ کہ وہ کیا چیز تہا اور منہ اوسکا
کس طرف ہے پہر اوسنے سب لوگونکو جمع کرکے یہہ تین باتین باواز بلند کہین اتفاقا کسی سے اون حاکم ظالم کے ڈر سے
اوس وقت جواب نہ آیا چالیس دن کی مہلت مانگی اسعرصہ مین جواب دینگی ورنہ تمہارا دین قبول کرینگی قدرت خدا
سے ایام وعدہ تمام ہوگئے وہ وکیل شاہی میدان مین ایک منبر بچہا کے بیٹہا اور سب شہر والونکو جمع کیا

کر جواب دو ورنہ اپنا دین چھوڑو اتفاقاً بمقتضای عالم بشریت ایسی ہیبت حکومت سب پر چھا گئی کہ سب
لاجواب ہے اور زار زار روتے قدرت خدا کے اتفاقاً امام ابو حنیفہ بھی اوس مجمع میں تھے اور پندرہ برس کے
عمر تھی حارث دین سے تاب لا کے بیتاب ہوگئے پھر اوسکی پاس جا کے کہنے لگے کہ تم منبر سے اوترو ہم منبر پر بیٹھ کر
جواب دینگے کہ جواب دینے والے کا درجہ پوچھنے والے سے زیادہ ہے پس وہ سنتے ہی یہہ کلام حق ہیبت حق والے
ڈر کر فوراً اوتر کھڑا ہوا آپ نے منبر پر بیٹھ کر فرمایا کہ اللہ تعالی یہی کرتا ہے کہ تجھے اوتار دیا مجھکو چڑھا دیا تجھکو ذلت
دی مجھکو عزت دی سو حکم اپنی تعز من تشاء و تذل من تشاء الخ ایسی ہی کسیکو عزت دیتا ہے کسیکو ذلیل کو
اتارتا کسیکو چڑھاتا ہے کہ اوسکی یہی شان بیان شان کی لیتا ہے سو حکم فرقان احب للاذعان سورہ رحمان کل
یوم ہو فی شان دوسری یہہ کہ وہ ذات پاک کھانی پینی سی پاک ہے کسی چیز کی حاجت نہیں رکھتا اور وہ سبکی
حاجت روا کرتا ہے تیسری یہہ کہ شمع جو شب کو روشن ہوتی ہی اوسکا منہ بتاؤ کسطرف کو ہے تب ہم اوس
شمع شبستان داریں روشن کرنے والے کا منہ بتادینگے کہ ادھر ہے تب وہ کافر کافور ہو گیا اور سب مسلمانوں کے دل نور
سے معمور ہو گئے حکایت نقل ہے داود طائی شاگرد امام اعظم رح کی کہ جب وہ لمبے ہو فانی او نعمت باقی کی
دولت اونکا دل محبت الہی میں چور اور سب جسم و جان نور الہی سے معمور ہو گیا تو دنیا او معاملات دنیاوی اونکا
جی کو سوں دور دور ہو گیا چنانچہ اپنی مکان موروثی میں گذران کرتی تھی او شب و روز یاد الہی میں
گذرانتے جب وہ مکان بالکل برباد ہو جاتا او قابل رہنے کی نہ رہتا تو دوسری مکان میں گذر کرتے اور
اصلاح مرمت کا خیال نکرتے اتفاقاً ہارون رشید بادشاہ اور امام ابو یوسف اونکی زیارت کو گئے اونہوں نے دروازہ
بند کر لیا ہر چند پکارا نہ کھولا تب ابو یوسف نے تنگ ہو کے کہا جو علم تمنے پڑھا ہے اوسمیں یہہ مسئلہ ہو گا کہ
جو کوئی ملاقات کو آوے اوس سے ملاقات نکرے اور دروازہ بند کر لے فرمایا کہ ہاں یہہ علم جو میں پڑھتا ہوں
تم سے لوگونکی ملاقات کو منع کرتا ہے جیسا جناب مولانا فرماتے ہیں ۞ علم چون بر دل زنی یاری بود
علم چون بر تن زنی ماری بود ۞ علمہای اہل دل حمال شان ۞ علمہای اہل تن احمال شان ۞ اور [illegible]
علم اہل دل میں ۞ خاتم ملک سلیمان است علم ۞ جملہ عالم صورت و جان است علم ۞ پھر ناچار ہو کر آپکی اراوہ کی
خدمت میں عرض کیا جب اونہوں نے حکم کیا تو مجبور ہو کر دروازہ کھولدیا او اخلاق فرمایا اور حکم [illegible]

[illegible] اقدام اوہا تکم الحدیث یعنی دخول جنت نان کی فرمانبردار

اور نابعد اسکے میں حاضر ہوا تب بادشاہ نے کہا کچھ حاجت ہو تو فرمایئے فرمایا کہ ہاں بادشاہ ایک گٹھری آٹا اپنی سر
پر رکھکے لادیں بادشاہ نے کہا بہت اچھا مگر رات کو فرمایا کہ دن کو بولا تو جنگل کیطرف سے لاؤنگا کہا دیکھو
لاؤ اور بیچ بازار میں سے آؤ تب تو بادشاہ چپ ہوگیا اور کچھ جواب نہ دیا آپنے کہا کہ مجھکو حاجت آٹے کی نہیں ہے
صرف تمکو آزماتا تھا اس سے بیہودگی یہ بادشاہت کرنی چلی اور ساری جہان کا بوجھ اپنی گردن پر لینی کو تیار
ہوئے کہ اہل دنیا سے اسقدر شرم آئی اور اہل اللہ اور مقربان بارگاہ خدا سے کبھی شرم نہ آئی پھر بادشاہ زار زار
رونے لگا اور بہت زر و جواہر اونکے پاس رکھکے چلا گیا آپنے وہ سب زر و جواہر باہر مکان کے پھینک دیا مجبور ہوکر وہ
دونوں صاحب قبول کر لینگے حکایت نقل ہے کہ ایک بادشاہ قوم بنی اسرائیل سے بہت بڑا ظالم تھا
طرح طرح کی بنا ظلم ڈالتا تھا چنانچہ ایک مکان نیا بنانا شروع کیا ملازموں کو حکم دیا کہ جا بجا ہو کر تو اسکی
اینٹ گارا ڈھلواؤ اور جلد مکان تیار کراؤ ناگاہ ایک عورت حاملہ کے دن پورے ہوچکے تھے اوسکو پکڑا
ہر چند اوسنے عذر کیا کہ مجھکو ذرا مہلت دو کہ درد زہ سے نجات پاؤں تو تمہارے کام میں مجھکو مستعد ہوں
ملازموں نے نمانا بلکہ اوسکو مارنا پیٹنا شروع کیا اوس مصیبت زدہ کو دکھ درد پیٹ سے اوٹھنا بیٹھنا بھی دشوار تھا
سر پر جھلو ڈھلانے اور دوسر کا کیا ذکر تھا آخر کار جب ہر طرف سے مار دھاڑ ہونے لگی اوسکو اپنی زندگی
پہاڑ ہوگئی تب جان سے تنگ آکر جناب الہی میں بحال نالہ و آہ رو کر کہنے لگی کہ اے میرے مالک تیری لونڈی اس
مصیبت اور آفت میں گرفتار ہے اس حال میرا و بال میں کون میرا غمگسار ہے اور ارشاد جناب مولانا
خدایا من بخود [illegible] اے کریم و اے رحیم سرمد ... در گریز از بد سگالان این بدی ... زمین حل نا ہموار
تا ببینم روضۂ نور را ... اے سعادت بخش جان انبیا ... یا بکش یا باز خوانم کہ بیا ... آنکہ زود سرو آزادی کند
قادر ستار غصہ بشادی کند ... آنکہ آتش را کند ورد و شجر ... ہمتو اند کرد این را بے ضرر کیا تو اوسکی حالسے
نہیں خبردار ہے ایسی زندگی سے تو موت بھلی ہے پھر یکایک قہر الہی نازل ہوا کہ وہ بادشاہ ظالم مع سب درباریوں کے
فوراً زمین میں دہنس گیا حکایت نقل ہے کہ ایک بزرگ کی کسی نے دعوت کی اور اپنے گھر لیگیا وہاں جاکے کہا
تھوڑی [illegible] ابھی کہانا تیار نہیں ہوا وہ لوٹ آئے اوسیوقت پھر دوڑا آیا کہ جلدی چلیے کہانا

[illegible]

لپٹ گیا ہوتا ہے جب وہ اسکی گہر آئے بولا ذرا دیر کے بعد آنا پہر وہ بزرگ پہر گئے جب ہی اپنی مکان پر پہونچی تب
سے پہر دوڑا گیا کہ حضرت چلیئے کہانا تیار ہے غرض اسیطرح سات بار اون بزرگوار کو دوڑایا اور اون خلاق
مجسم کے تیوری پر ذرا بل نہ آیا پہر بار خندہ پیشانی آئی اور جاتی اور حرف شکایت زبان پر نہ لاتی بعد اسکی اوس
شخص نے بہت معذرت کی اور عفو تقصیر کرائی کہ اسقدر گستاخی و تکلیف دہی صرف واسطے آزمایش اور دریافت کرنے
آپکے حلم کے ظہور مین آئی فی الحقیقت جیسا سنا تہا اوس سے بہی زیادہ پایا فرمایا یہہ کیا بڑی بات ہے پہر کہتے ہین
یہہ خصلت موجود ہے جب وسکو کہانا دکہلاؤ فوراً چلا آویگا اور جب جہڑک دو گی چلا جاویگا چاہو ہزار بار
اوسکی ساتہہ یہہ معاملہ کرو کبہی تنگ نہوگا حکایت نقل ہے کہ اخیر وقت حضرت امام ابوحنیفہ رح کو کمال حوت
پیری اور حد کبیتی سے قوت بالکل حاصل ہوگئی تہی کہ کہانا پینا یک قلم چہوٹ گیا تہا جسا کہ شاہد جناب مولانا ن
تو بہ تن حیوان بجانی از فلک + تا روی ہم بر زمین ہم بر فلک + کعبہ جبریل جانہا سدرہ + کعبہ عبد البطن
شد سفرہ ہر رات بس عبادت الہی مین مشغول رہتی اور کبہی کچہہ کہانا بیکو جی چاہتا تو مسافرین و مساکین کے
ساتہہ کہاتے اور سنت حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ادا کرتے اتفاقاً کسی حاسد کو اونکا یہہ حال سنکر اعتبار نہوا
چپکے سے رات کو مسجد مین جا بیٹہا کہ دیکہون امام ابوحنیفہ کب تک عبادت کرتی ہین اور کیا کیفیت وہاں رہتی ہین
دیکہا تو امام صاحب نے نماز عشا سے فراغت کرکے نوافل پڑہنا شروع کئے اور ذوق و شوق محبت عبادت الہی مین
بیخود ہوگئی آخر کو وہ حاسد نیند کی غلبہ سے بد حواس ہو کے وہین ایکطرف پڑ رہا جب جاگتا تہا امام کو عبادت الہی
مین مصروف پاتا تہا یہانتک کہ صبح کو بعد نماز صبح آپکی قدمون پر گر پڑا اور بہت معذرت کرنی لگا کہ یا
حضرت مین آپکو ایسا نجانتا تہا اور بہت بدگمان تہا اسلئے مجکو معاف کیجیے آپنے معاف کر دیا حکایت نقل ہے
حضرت ابراہیم خلیل اللہ کہ محبت الہی مین جان سے چور سراپا نور تہی خوف الہی سے جس وقت جوش و خروش مین آتی
اور زار زار روتے تو کوسون تک اونکی آواز جاتی اور ذکر قلبی کی آواز بہی کوسون تک جاتی اور چہرہ مبارک اونکا جو
دنیا مین گل گلاب ورنگ آفتاب کو شرماتا تہا ایسا ہوجاتا کہ زردی مین زعفران کو پشیمان کرتا فقط

خاتمة الطبع ہزارون شکر پروردگار عالم کو کہ ان دونون کتاب لاجواب حکایات الصالحین
فی حالات الصادقین کا مطبع ہاشمی واقع میرٹہہ مین ماہ صفر ۱۳۰۲ھ باہتمام محمد ہاشم علی صاحب کی چہپکر جلوہ آرا روزگار ہوا

DUE DATE

STACKS

٩٢٠

٣٠٠٨٣ ١٨٨٢

DATE	NO.	DATE	NO.